RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضورِ پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۹ | مطبوعہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۱۳ رجب المرجب سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	موقوفی نیاز بہادر خان رسالدار وردی میجر	۱ و ۲
۲	تاکید حیاتی نزولات	۲
۳	توسیع ملازمت حافظ نصیر احمد خان	″
۴	رخصت مان سنگھ صوبہ دار	″
۵	رخصت ممتاز علیخان رسالدار	
۶	نقشہ بارش — نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

آرمی آرڈر پیشگاہ اعلیٰحضرت بندگانِ حضورِ پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۱ جون سنہ ۱۹۱۱ء

بملاحظہ کاغذات کورٹ مارشل منعقدہ ۱۷ جون سنہ ۱۹۱۱ء ۳۰۲ رسالدار وردی میجر نیاز بہادر خان ولد علی بہادر خان امپیریل سروس لانسرز ترپ ٹ مصدقہ کرنیل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج ریاست رامپور واضح ہوا کہ مارچ سنہ ۱۹۱۰ء میں ایک گھڑی قیمتی ۱۲ مستقل

سامان سگنلنگ نامبردہ کو دی گئی تھی جسکو اُسنے خورد برد کرلیا - دیگر ضرورت سے زیادہ سامان متعلق سگنلنگ سرکاری رقم سے خرید کرکے اپنے پاس رکھا اور اسکی اطلاع اپنے کمانڈنگ افسر کو نہین دی - باثبات قصور مذکور و گمشدگی گھڑی حسب دفعہ ۱۸۴ فقرہ ۹ و دفعہ ۱۸۵ عہ ۷ و دفعہ ۱۸۰ مانولی کورٹ نے تجویز کی کہ نامبردہ ملازمت سے موقوف کیا جائے - اور قیمت گھڑی اُس سے وصول ہونا چاہیے چونکہ تجویز کورٹ مارشل مناسب ہے - لہذا نیاز بہادر خان تاریخ مشتہری گزٹ سے ملازمت سے موقوف کیا گیا - اور بکشت گھڑی کی قیمت مندرجہ اس سے وصول بموجب قاعدہ علاوہ آمد ہونا چاہیے -

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۲۵ جون سنہ ۱۹۱۱ء

نقشہ نزولات ملاحظہ ہوکر اُس نقشہ پر حسب ضابطہ حکم اجراے احکام صفائی نزولات ہوچکا - ختم سال مین تین مہینے باقی رہگئے ہین - مہتممان نزولات کی جانب ہر ایک صیغہ سے اگر صفائی حسابات نزولات کی طرف توجہ ابھی سے کیجائے گی تو آخر سال تک بسہولت کامیابی ہوسکے گی - ختم سال کے قریب کوشش ہونے سے حسابات بھی قابل اطمینان مکمل نہین ہوتے اور جانچ آڈٹ بیشتر نامکمل رہتی ہے -

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی جاری ہون - ایک نقل اس روبکار کی درج گزٹ کردیجائے -

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

واقع ۱۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء

مثنیٔ رپورٹ صاحب مہتمم دربارہ توسیع میعاد تقرر حافظ نصیر احمد خان تا بلوغ منظور حسین پسر حافظ محمد حسن خان المد سرسری سررشتہ بندوبست و تعین تنخواہ پندرہ روپیہ

بعد ملاحظہ حکم ہوا کہ حافظ نصیر احمد خان کی ملازمت مین حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست تا بلوغ منظور حسن پسر حافظ محمد حسن متوفی توسیع منظور ہے - تاریخ ختم میعاد یک سالہ یعنی ۲۷ مئی سنہ ۱۹۱۱ء سے بحساب پندرہ روپیہ ماہوار تنخواہ حافظ نصیر احمد خان کو دیجائے جو حافظ محمد حسن متوفی کو ملتی تھی - صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون -

مختصر گیریزن آرڈر اجلاس صاحب کرنیل بہادر کمانڈنٹ افواج

رخصت

۱۰ جون سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش میجر صاحب سکنڈ بٹالین اسٹیٹ انفنٹری رخصت پندرہ یوم مانک سنگھ صوبیدار ۱۲ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے ۲۶ جون تک بضرورت مرمت مکان واسطے جانے ملک گماسی رام منظور کی گئی -

۲۴ جون سنہ ۱۹۱۱ء

حسب سفارش لفٹنٹ صاحب تھرڈ اسکواڈرن رخصت دس یوم ممتاز علیخان رسالدار تھرڈ اسکواڈرن ۲۹ جون سنہ ۱۹۱۱ء سے ۸ جولائی تک بضرورت شرکت عرس اجمیر شریف منظور کی گئی

نقشہ بارش متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۲ جولائی لغایت ۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون	امروزہ	از یکم جون
۲ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم یکشنبہ	۰	۲۲/۵	۰	۴	۰	۰	۰	۱۰	۰	۱۰	۰	۲۵
۳ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم دوشنبہ	۰	۲۲/۵	۰	۴	۰	۰	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۰	۰	نقشہ نہیں آیا
۴ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم سہ شنبہ	۰	۲۲/۵	۰	۴	۰	۰	۰	//	۰	۱۰	۰	//
۵ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم چہارشنبہ	۰	۲۲/۵	۰	۴	۰	۰	۰	//	۰	۱۰	۰	//
۶ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم پنجشنبہ	۰	۲۲/۵	۰	۴	۰	۰	۰	//	۰	۱۰	۰	//
۷ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم جمعہ	۰	۲۲/۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۰	//	۰	۱۰	۰	//
۸ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع یوم شنبہ	۰	۲۲/۵	۰	//	۰	۰	۰	//	۰	۱۰	۰	//

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۳ جولائی لغایت ۹ جولائی سنہ ۱۹۱۱ع

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۲ سار	۰	۰	۱۲ سار	۱۳ سار	۰	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۶ سار	۰	۰	۲۱ سار	۱۸ سار	۰	
نخود کستہ آمیز	۱۸ سار	۰	۰	۲۳ سار	۲۰ سار	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۲۲ سار	۰	
ماش	۹ سار	۰	۰	۱۰ سار	۹ سار	۰	
مونگ	۱۳ سار	۰	۰	۰	۱۰ سار	۰	
مکا	۲۴ سار	۰	۰	۲۶ سار	۳۰ سار	۰	
جئی	۲۴ سار	۰	۰	۰	۲۰ سار	۰	
کودی	۰	۰	۰	۰	۱۸ سار	۰	
عدس	۱۷ سار	۰	۰	۰	۱۸ سار	۰	
ارہر	۲۳ سار	۰	۰	۲۶ سار	۲۳ سار	۰	
برنج	۶ سار	۰	۰	۱۶ سار	۱۶ سار	۰	
روغن زرد	۲ سار	۰	۰	۳ سار	۲ سار	۰	
روغن سیاہ	۲ سار	۰	۰	۲ سار	۲ سار	۰	
روغن کنجد	۲ سار	۰	۰	۰	۱ سار	۰	
نمک سامبر	۱۳ سار	۰	۰	۱۳ سار	۱۴ سار	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۱۶ سار	۰	۰	۷ سار	۶ سار	۰	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور